B–44–Y

Roll No..

Total No. of Questions : 12]

[Total No. of Printed Pages : 8

12th ARM(SZ)JKUT2024

1144-Y

URDU

Time : 3 Hours]

[Maximum Marks : 100

ا۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس کے آخر پر پوچھے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھئے۔ ۵×۲=۱۰

(الف) ''بزرگانہ نصیحتوں کے بعد کچھ دعائیہ کلمات کی باری آئی۔ بنسی دھر نے سعادت مند لڑکے کی طرح یہ باتیں بہت توجہ سے سنیں اور تب گھر سے چل کھڑے ہوئے۔ اس وسیع دُنیا میں جہاں اپنا استقلال، اپنا رفیق، اپنی ہمّت، اپنا مددگار اور اپنی کوششیں مربی ہیں۔ لیکن اچھے شگون سے چلے تھے۔ خوبی قسمت ساتھ تھی۔ صیغۂ نمک کے داروغہ مقرر ہوئے۔ مشاہرہ

https://www.jkboseonline.com

معقول، بالائی رقم کا کچھ ٹھکانہ نہ تھا۔ بوڑھے منشی جی نے خط پایا تو باغ باغ ہو گئے۔ کلوار کی تسکین و تشفی کی سندلی، پڑوسیوں کو حسد ہوا اور مہاجنوں کی سخت گیریاں مائل بہ نرمی ہوگئیں۔''

سوالات :

(i) یہ عبارت کس سبق سے لی گئی ہے اور مصنف کون ہے ؟

(ii) بنسی دھر نے کس انداز میں یہ باتیں سنیں ؟

(iii) اس وسیع دُنیا میں کون اپنا مربی ہے ؟

(iv) بنسی دھر کس عہدے پر فائز ہوئے ؟

(v) منشی جی نے خط پاکر کیا محسوس کیا ؟

(ب) ''شاہ مال بے حد رنجیدہ تھی۔ جب سے یہ مرغا آیا تھا ایک کے بعد ایک بدنصیبی نے اسے اپنے گھیرے میں لیا تھا۔ وہ خانی کو اسی تیکھے انداز میں جواب دیتی جو وہ برداشت بھی نہ کر پاتی۔ کیونکہ وہ تیزطرار جواب دینے میں اُس سے کسی

https://www.jkboseonline.com

طرح کم نہ تھی۔ پھر گال گلوچ شروع ہو جاتی اور زبان کی جنگ چھڑ ہی جاتی اگر ایک مرغا اچانک ڈر کے مارے بھاگ نہ کھڑا ہوتا۔ یہ مریل جانی کا مرغا تھا اور شاہ مال کا مرغا پورے احاطے سے اس کا پیچھا کر رہا تھا۔ شاہ مال کو محسوس ہوا کہ مریل جانی پسینے سے شرابور ہوگئی ہے۔"

سوالات :

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور مصنف کون ہے ؟

(ii) کون پسینے سے شرابور ہوئی ؟

(iii) شاہ مال کو کب سے بدنصیبی نے گھیر لیا تھا ؟

(iv) شاہ مال جانی کو کس انداز سے جواب دیتی ؟

(v) کس کا مرغا کس کے مرغے کا پیچھا کر رہا تھا ؟

۲۔ درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے جواب تحریر کیجئے : ۲×۴=۸

(i) مینا کماری کی شخصیت کی خوبیاں تحریر کیجئے۔

(ii) یونیسکو کی چھتری میں مصنف بیوی کو خط میں کیا لکھتا ہے؟

https://www.jkboseonline.com

(iii) نمک کا داروغہ میں بنشی دھر کے کردار کے بارے میں اپنے خیالات تحریر کیجئے۔

(iv) شاہ مال اور مریل جانی کے مرغوں کا حُلیہ بیان کیجئے۔

۳۔ ''خاکہ'' یا ''سفرنامہ'' پر ایک نوٹ لکھئے۔ ۶

۴۔ سر سید احمد خان کے حالات زندگی یا مولوی نذیر احمد کی ادبی خدمات تحریر کیجئے۔ ۶

۵۔ درج ذیل شعری اجزاء میں سے کسی ایک شعری جُز کو غور سے پڑھنے کے بعد اس کے آخر میں پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھئے: ۵×۲=۱۰

(الف) فرطِ خشکی سے وہ لب ترسیں تکلم کے لئے
جن کو قدرت نے تراشا ہو تبسُّم کے لئے
دستِ نازک کو رسن سے اب چھڑانا چاہیے
اس کلائی میں تو کنگن جگمگانا چاہیے

(i) یہ شعری جُز کس نظم سے لیا گیا ہے اور اس کا شاعر کون ہے؟

(ii) فرطِ خشکی سے لب کس کے لئے ترستے ہیں ؟

(iii) قدرت نے لبوں کو کس لئے تراشا ہے ؟

(iv) دست نازک کو کس سے چھڑانا چاہیے ؟

(v) کلائی میں کیا جگمگانا چاہیے ؟

(ب) دریا کی طرف پیاس میں تکتے نہیں غازی
گر شیر بھی جھپٹے، تو سرکتے نہیں غازی
تلواروں میں آنکھوں کو جھپکتے نہیں غازی
بجلی بھی گرے تو جھجکتے نہیں غازی
دم ہونٹوں پہ آئے تو شجاعت نہیں جاتی
مرنے پر بھی چہرے کی بشاشت نہیں جاتی

(i) یہ بند کس مرثیہ سے لیا گیا ہے اور مرثیہ نگار کون ہیں ؟

(ii) کس وجہ سے غازی دریا کی طرف نہیں تکتے ؟

(iii) تلواروں میں غازی کیا کرتا ہے ؟

(iv) بجلی گرنے پر غازی کیا نہیں کرتا ؟

(v) مرنے پر غازی کے چہرے سے کیا نہیں جاتی ؟

۶۔ درج ذیل سوالوں میں سے دو کے جواب ساٹھ (60) سے ستر (70) الفاظ میں لکھیے : ۵×۲=۱۰

(الف) حیدر علی آتش یا پروین شاکر کی غزل گوئی پر نوٹ لکھیے۔

(ب) مومن خان مومنؔ یا حسرتؔ موہانی کے حالاتِ زندگی تحریر کیجیے۔

(ج) اسد اللہ خان غالبؔ کی شاعرانہ عظمت بیان کیجیے۔

(د) غزل یا قصیدہ پر نوٹ لکھیے۔

۷۔ نظم ''ایک آرزو'' کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔ ۶

یا

اقبال یا محمد رفیع سوداؔ کے حالاتِ زندگی لکھیے۔

۸۔ صرف دو اصطلاحات کی تعریف مع امثال کیجیے : ۴

ردیف۔ قافیہ۔ تضاد۔ تلمیح۔

https://www.jkboseonline.com

۹۔ ذیل میں سے دوسوالوں کے جواب تفصیل سے لکھئے : ۷×۲=۱۴

(الف) ترقی پسند تحریک کے بارے میں اپنے خیالات تحریر کیجئے۔

(ب) دبستان لکھنؤ کی ادبی اہمیت تحریر کیجئے۔

(ج) مرزا غالبؔ نے اپنے خطوط کے ذریعے اردو نثر کو ایک نئی راہ دکھائی۔ اس پر اپنے خیالات تحریر کیجئے۔

(د) ''علی گڑھ تحریک'' کے وجود میں آنے کے اسباب تحریر کیجئے۔

۱۰۔ اپنے دوست کو امتحان میں شاندار کامیابی حاصل کرنے پر مبارکبادی کا ایک خط لکھئے۔ ۸

یا

سائیکل چوری سے متعلق اپنے علاقہ کے تھانہ انچارج کی خدمت میں ایک عرضی لکھئے۔

۱۱۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر دو سو (200) الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھئے : ۱۲

(i) جنگ اور امن

https://www.jkboseonline.com

(ii) ماحول کی کثافت کے زہریلے اثرات

(iii) علم کے فوائد

یا

اپنے شہر میں منائے گئے ''یومِ جمہوریہ'' کی تقریب کی اخباری رپورٹ تحریر کیجئے۔

۱۲۔ درج ذیل سوالات میں سے ہر سوال کا جواب ایک یا دو الفاظ میں لکھئے : ۶

(i) کلیم کو کس الزام میں پولیس نے پکڑا ؟

(ii) نمک کا داروغہ کا مرکزی کردار کون ہے ؟

(iii) سبق مرزا غالب کس سوانح حیات سے ماخوذ ہے ؟

(iv) خاکہ مینا کماری کس نے لکھا ہے ؟

(v) دبستان لکھنؤ کے دو مشہور مرثیہ گو شعرا کے نام لکھئے۔

(vi) گذرا ہوا زمانہ میں بوڑھا کس کو یاد کر کے آنسو بہاتا ہے ؟

https://www.jkboseonline.com